تبصرے

جدید عربی ٹیچر باتصویر مرتبہ: سید علی
تقطیع خورد $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۱۷۶. کتابت طباعت عمدہ
آفسیٹ قیمت =/۶ پتہ این' احمد اینڈ کمپنی ۵۷۔ نورونگر
اوکھلا نئی دہلی ۲۵

عربی زبان دنیا کی چند اہم ترین اور قدیم و ترقی یافتہ زبانوں میں سے ایک ہے، اہل اسلام کے لئے اس زبان کی اہمیت یوں اور زیادہ ہے کہ قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ اور عام بنیادی ذخیرہ اسلام کا اسی زبان میں ہے۔ اب جب سے عرب ممالک میں ہر قسم کے لئے لوگوں کے معاش کے بے شمار وسائل پیدا ہوئے ہیں۔ تو اس زبان کے سیکھنے کی طرف میلان بھی اسی مقدار میں پیدا ہوا ہے اور اس موضوع پر بے شمار کتابیں معیاری اور غیر معیاری بازار میں آگئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اس ذخیرے میں ایک اچھا اضافہ ہوا ہے، اس میں روزمرہ کی ضروریات کے تمام الفاظ و محاورات آگئے ہیں، خاص بات یہ ہے کہ اس میں ہر عربی لفظ کے سامنے انگریزی رسم الخط میں اسی عربی لفظ کو لکھا گیا ہے پھر اس کا اردو ترجمہ ہے اور پھر انگریزی ترجمہ ہے۔ اس سے اس کی افادیت بہت بڑھ گئی ہے۔

شروع میں عربی حروف تہجی کے متبادل انگریزی حروف کا نقشہ بھی دیا گیا ہے، اسم فعل حرف، واحد تثنیہ اور جمع وغیرہ چند موٹی موٹی باتیں شروع میں بتا دی گئی ہیں، مہینوں دنوں اور وقت کے نام انسانی عمر کے مختلف مراحل کے الگ الگ نام بھی درج ہیں۔ (بقیہ صفحہ ۳۱۵ پر ملاحظہ فرمائیں)